SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

# کفالت (اسپانسر شپ ) کے معاہدے (انڈرٹیکنگس) اور کفالت (اسپانسرشپ )کے قرض

### کفالت (sponsorship) کا معاہدہ (undertaking) کیا ہے؟

جب کینیڈا کا کوئی شہری یا مستقل رہائشی اپنے خاندان کے ممبران کے لیے مستقل رہائشی بننے کے لیے کفالت کی درخواست دیتا ہے، تو انہیں "اسپانسر شپ انڈرٹیکنگ" نامی کسی چیز پر دستخط کرنا ہو گا۔ یہ ایک وعدہ ہے جو ایک کفیل (اسپانسر) امیگریشن، ریفیوجیز اینڈ سٹیزن شپ (Immigration Refugees and Citizenship Canada (IRCC) سے کرتا ہے کہ وہ اس شخص کی مالی مدد کریں گے جس کی وہ کفالت کر رہے ہیں ۔

### معاہدہ (انڈرٹیکنگ)کب تک چلتا ہے؟

کفیل (اسپانسر )کی مالی ذمہ داری اس دن سے شروع ہوتی ہے جب سپانسر شدہ شخص مستقل رہائشی (PR) بن جاتا ہے۔ یہ کتنی دیر تک چلتا ہے اس پر منحصر ہو گا کہ وہ کس کی کفالت کر رہے ہیں۔

نوٹ کریں: کیوبیک (Quebec) کے درخواست دہندگان کے لیے ایک معاہدے (انڈرٹیکنگ) کی لمبائی قدرے مختلف ہے۔ باقی سب کے لیے، ایک معاہدے کی لمبائی درج ذیل ہے :

- شریک حیات، کامن لاء پارٹنر، ازدواجی ( کنجوگل ) پارٹنر: 3 سال
- منحصر بچہ (حیاتیاتی (بایولوجیکل) یا گود لیا ہوا) یا کینیڈا میں 22 سال سے کم عمر کے بچے کو گود لیا جائے: 10 سال یا 25 سال تک (جو بھی پہلے آئے)
- 22 سال یا اس سے زیادہ عمر کا منحصر بچہ: 3 سال
- والدین یا دادا دادی/نانا نانی: 20 سال
- کوئی اور رشتہ دار: 10 سال

اگر آپ درج ذیل حالات سےگزرتی/ گزرتے ہیں تب بھی یہ انڈرٹیکنگ کا کام ام جاری رہے گا :

- جس شخص کو سپانسر کیا جا رہا ہے وہ کینیڈا کا شہری بن جاتا ہے
- کفیل شدہ شخص کے ساتھ رشتہ بدل جاتا ہے (مثال کے طور پر، طلاق یا علیحدگی)
- کفیل اپنی ملازمت کھو دیتا ہے یا قرض میں چلا جاتا ہے
- بدسلوکی کے معاملات میں بھی ذمہ داری (انڈرٹیکنگ) جاری رہے گی۔ جہاں کفیل شدہ (اسپانسرڈ) شخص کے ذریعہ کفیل

SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

کے ساتھ بدسلوکی ہوتی ہے اور رشتہ ٹوٹ جاتا ہے، تب بھی کفیل (جو چاہے بدسلوکی کا شکار ہو) کے لیے ذمہ داری جاری رہے گی۔ اگر اس شخص کے پاس پہلے سے ہی پی آر (PR) کا درجہ ہے تو اسے منسوخ نہیں کیا جا سکتا۔

مثال:

دھرو (Dhruv )اپنی بیوی پریتی (Preeti ) کو کینیڈا آنے کے لیے اسپانسر کر رہا ہے۔ اس نے تین سال تک اس کی مالی مدد کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ دو سال بعد دھرو (Dhruv ) اور پریتی (Preeti ) میں طلاق ہو گئی۔ دھرو (Dhruv )کو پھر بھی ایک اور سال تک پریتی (Preeti ) کی مالی مدد جاری رکھنی ہوگی۔

**آپ کی قانونی ذمہ داری ہے کہ اپنے کفیل ( اسپانسر )سے مالی مدد طلب کریں**

اگر آپ کا اسپانسر آپ کو مالی مدد نہیں دے رہا ہے، تو آپ سماجی امداد یا فلاح و بہبود کے لیے حکومت کو درخواست دینے کے بارے میں سوچ رہے ہوں گے (مثال کے طور پر، اونٹاریو ورکس)۔ سماجی امداد کے اہل ہونے کے لیے، آپ کو پہلے اپنے لیے دستیاب تمام مالی وسائل کو دیکھنا ہوگا۔ اس میں وہ مدد شامل ہے جس کا آپ کے اسپانسر نے آپ سے وعدہ کیا تھا۔ اگر آپ کے اسپانسر آپ کی مدد نہیں کر رہے ہیں ، توان سے مالی مدد مانگنا آپ کے لیے ضروری ہے ۔ اگر آپ کا اسپانسر اپنا وعدہ پورا نہیں کر رہا ہے تو آپ کو سماجی امداد (مثال: فلاح و بہبود) کے لیے مسترد نہیں کیا جائے گا، لیکن اگر آپ سماجی مدد کے لیے درخواست دینا چاہتی/ چاہتے ہیں تو آپ کو اپنےکفیل ( اسپانسر )کے بارے میں معلومات فراہم کرنا ہوں گی۔

ہو سکتا ہے کہ کچھ صورتحال میں آپ کو اپنے کفیل سے مالی مدد طلب کرنے کی ضرورت نہ ہو
ان حالات کی مثالیں:

- اگر کفیل کو سماجی مدد مل رہی ہے
- اگر کفیل مر جاتا ہے
- اگر خاندانی تشدد ہو اور اسپانسر سے مدد حاصل کرنا آپ کے لیے محفوظ نہیں ہے

**کیا وعدے (انڈرٹیکنگ) کو کو منسوخ کیا جا سکتا ہے؟**

صرف آئی آر سی سی(IRCC) کی جانب سے مستقل رہائش (PR) کی درخواست پر کوئی حتمی فیصلہ کرنے سے پہلے وعدہ( انڈرٹیکنگ) منسوخ کیاجا سکتاہے۔ اسپانسر صرف اس صورت میں ایک معاہدہ واپس لے سکتا ہے جب آئی آر سی سی (IRCC) واپسی کی منظوری دیتا ہے۔

SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

**جس شخص کو آپ نے سپانسر کیا ہے اس کے مستقل رہائشی (PR) بننے کے بعد آپ وعدہ (انڈرٹیکنگ) منسوخ نہیں کر سکتی/سکتے ہیں۔**

**کفالت (اسپانسرشپ) کا قرض**

اگر اسپانسر شدہ شخص کو اسپانسر شپ کے وعدے (انڈرٹیکنگ) کی مدت کے دوران سماجی امداد ملتی ہے، تو اسپانسر اس رقم کا حکومت کو واجب الادا ہوگا۔

اگر کفیل کے پاس کفالت کا قرض ہے:

- جب تک قرض ادا نہیں ہو جاتا وہ خاندان کے کسی دوسرے فرد کی کفالت نہیں کر سکیں گے
- حکومت ان سے رقم واپس لینا شروع کر دے گی۔ وہ اسپانسر کو عدالت لے جا سکتے ہیں یا رقم کی واپسی کی سرگرمیاں شروع کر سکتے ہیں۔ طریقہ کار ویسا ہی ہو گا جب کریڈٹ کارڈ کا بل یا رہن ادا نہیں کیا گیا ہو۔ وہ آپ پر واجب الادا ٹیکس چھوٹ سے بھی قرض جمع کر سکتے ہیں۔

**کیا کفالت کا قرض معاف کیا جا سکتا ہے؟**

کفالت کا قرض معاف نہیں کیا جا سکتا۔ اسے صرف موخر کیا جا سکتا ہے۔

**کفالت کے قرض کی وصولی کو موخر کرنا**

کچھ ایسے حالات ہیں جن میں حکومت کفیل سے قرض کی وصولی کو موخر کر دے گی۔

ان حالات کی کچھ مثالیں یہ ہیں :

- اسپانسر نااہل ہے (ان کے پاس اپنی مالی معاملات کی دیکھ بھال کا انتظام کرنے کی صلاحیت نہیں ہے)
- کفیل دیوالیہ (بینکرپٹ) ہے
- کفیل غیر معمولی حالات سے گزر رہا ہے
- کفیل کو کفیل شدہ شخص کی طرف سے خاندانی تشدد کا سامنا ہے